سوال

(63)ایک مسجد کے امام نے مغرب کی نماز پڑھی الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسجد کے امام نے مغربی کی نماز پڑھائی، سلام پھیر نے وقت ایک مقتدی نے اللہ اکبر کہا دوسرے چپ رہے، امام کھڑا ہوگیا اور ایک رکعت پڑھی، پھر ایک سلام کیا پھر دو سجدے کئے پھر التحیات درود، دعا کے بعد سلام پھیرا، مقتدیوں نے کہا! نماز پوری ہوگئی تھی، آپ نے ایک رکعت زائد پڑھا دی، پھر امام صاحب نے فرمایا نماز غلط ہوگئی۔ پھر جلد جلد دہرادی۔ عرض خدمت یہ ہے کہ کیا نماز غلط ہوگئی یا دو سجدے سہو کے کافی ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پہلی نماز سجدہ سہو کے ساتھ پوری ہوچکی ہے دوبارہ لوٹانے کی ضرورت نہیں تھی، اگر اس میں کوئی غلطی ہوگئی تھی تو دو سجدے سہو کافی ہیں۔

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد3ص185

محدث فتویٰ